**فوری ریلیز کے لیے: 13/9/2022** **گورنر KATHY HOCHUL**

***گورنر HOCHUL کی جانب سے نیو یارک کی COVID-19 سے متاثرہ ابتدائی مرحلے کے کاروباری اداروں کے لیے ملک میں پہلی 200$ ملین سیڈ فنڈنگ گرانٹ کے آغاز کا اعلان***

***ابتدائی مرحلے کے چھوٹے اور مائیکرو کاروباری اداروں کو عالمی وباء کے بعد کی معیشت میں بحال ہونے اور پھلنے پھولنے میں مدد فراہم کرتی ہے***

***ریاست کا کامیاب COVID-19 کی عالمی وباء سے چھوٹے کاروبار کی بحالی کی گرانٹ کا پروگرام اہلیت کو بڑھا دے گا کیونکہ یہ دستیاب فنڈنگ کو بتدریج ختم کرتا ہے***

***سیڈ فنڈنگ گرانٹ پروگرام کے بارے میں مزید معلومات [یہاں] مل سکتی ہیں۔***

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ ملک میں پہلے سیڈ فنڈنگ گرانٹ پروگرام کے لیے درخواستوں کا پورٹل، جو مالی سال 2023 کے بجٹ کے جزو کے طور پر بنایا گیا ہے، 14 ستمبر کو کھل جائے گا۔ پروگرام ریاست نیو یارک کی معیشت کی بحالی میں ابتدائی مرحلے کے، مائیکرو اور چھوٹے کاروباری اداروں کی مدد کے لیے آسان گرانٹیں فراہم کرتا ہے۔ پروگرام اس بات کو یقینی بنائے گا کہ چھوٹے کاروباری ادارے جو COVID-19 کی عالمی وباء سے کچھ دیر پہلے یا اس کے دوران کھلے تھے ان کے پاس کام جاری رکھنے اور ترقی کرنے کے لیے سرمایہ موجود ہو گا۔

**گورنر Hochul نے کہا،** "یہ ملک میں پہلا سیڈ فنڈنگ گرانٹ پروگرام ابتدائی مرحلے کے، اور چھوٹے اور مائیکرو کاروبار دونوں کی مدد کے لیے 1$ بلین کی آسان فنڈنگ کرتا ہے۔ نیویارک کے کاروباری ادارے عالمی وباء کے عروج پر ملک بھر میں سب سے زیادہ متاثر ہوئے تھے، لیکن اس فنڈنگ کے ساتھ، ہم ان کی ترقی اور کام جاری رکھنے میں مدد کرنے کے لیے امداد کو بڑھا رہے ہیں۔ درخواستیں کل کھلیں گی، اور میں نیو یارک کے تمام کاروباری اداروں کے مالکان کو ترغیب دیتی ہوں کہ وہ بھرپور فائدہ اٹھائیں اور نیو یارک کی قابلِ ذکر بحالی کا حصہ بنیں"۔

یہ پروگرام ریاست نیو یارک کے موجودہ 800$ ملین کے چھوٹے کاروباری اداروں کی عالمی وباء سے بحالی کے گرانٹ پروگرام پر استوار ہے، جس نے پچھلے سال شروع ہونے کے بعد سے 35,000 سے زائد چھوٹے کاروباری اداروں کو 639$ ملین سے زائد سرمایہ فراہم کیا ہے، جس میں نوے فیصد فنڈنگ اقلیتوں اور خواتین کے ملکیتی کاروباری اداروں کو دی گئی ہے۔ آج سے، ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ پروگرام کے لیے اہلیت کو وسیع کر دے گا، اس تقاضے کو کہ کاروباری ادارے سنہ 2019 سے 2020 تک سالانہ مجموعی رسیدوں میں پچیس فیصد نقصان دکھائیں، ختم کر کے مزید چھوٹے کاروباری اداروں کو فنڈنگ تک رسائی حاصل کرنے کے قابل بنائے گا۔ اہلیت میں یہ توسیع منافعے کے تقاضوں اور آمدنی کی حدود میں پچھلے پروگرام کی تبدیلیوں کے علاوہ ہے، جس کا مقصد اضافی چھوٹے کاروباروں کی خدمت کرنا ہے۔ پروگرام، جو فی الحال پہلے سی دی گئی درخواستوں پر کارروائی جاری رکھے گا، 30 ستمبر 2022 کو فنڈنگ ختم ہونے کے بعد بند ہو جائے گا۔

**ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، سی ای او اور کمشنر Hope Knight نے کہا،** "عالمی وباء نے ہماری معیشت پر گہرے اثرات مرتب کیے ہیں اور ہمارے چھوٹے اور مائیکرو کاروبار سب سے زیادہ متاثر ہوئے، خاص طور پر ریاست نیو یارک میں۔ ہماری ریاست کے چھوٹے کاروبای اداروں کی معاونت کرنا گورنر Hochul کی انتظامیہ کی ترجیح رہی ہے اور اہلیت کو وسیع کرنے اور ان کی دہلیز پر فنڈ فراہم کرنے کے لیے اٹھائے گئے اقدامات نے لاتعداد کاروباروں کو معمول پر چلنے میں مدد کی ہے۔ 800$ ملین کا چھوٹے کاروباری اداروں کی عالمی وباء سے بحالی کا گرانٹ پروگرام اور اب نیا سیڈ فنڈنگ گرانٹ پروگرام ریاست نیو یارک کے چھوٹے کاروباروں اور آگے بڑھتی ہوئی ہماری معاشی کامیابی کی بے مثال حمایت کی نشاندہی کرتا ہے"۔

**<u>سیڈ فنڈنگ گرانٹ پروگرام:</u>**
نیا سیڈ فنڈنگ گرانٹ پروگرام ریاست نیو یارک کے چھوٹے کاروباری اداروں، مائیکرو بزنسز اور بلامنافع کام کرنے والی آزاد فنون اور ثقافتی تنظیموں کی مدد کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے جنہوں نے 1 ستمبر 2018 کو یا اس کے بعد کام شروع کیا تھا اور درخواست جمع کروائے جانے سے پہلے کم از کم چھ ماہ تک کام کر رہے تھے۔ درخواست دہندگان کے لیے لازمی ہے کہ ان کے پاس ہر سال 5,000$ اور 1$ ملین کے درمیان کی مجموعی رسیدیں ہوں جیسا کہ ان کے حالیہ وفاقی کاروباری ٹیکس ریٹرن پر ظاہر ہوتا ہے۔ مزید تفصیلی ہدایات یہاں مل سکتی ہیں۔

اہل کاروباری اداروں کے لیے ایوارڈز ان کے سنہ 2020 یا 2021 کے ٹیکس گوشواروں پر مبنی ہیں۔ 5,000$ سے 49,999.99$ تک کی مجموعی رسیدوں والے کاروباری ادارے فی کاروبار 5,000$ وصول کر سکتے ہیں۔
مجموعی رسیدوں میں 50,000$ سے 99,999.99$ والے کاروباری اداروں کو فی کاروبار 10,000$ دیا جا سکتا ہے۔ 100,000$ سے 1$ ملین کی مجموعی رسیدوں والے کاروباری اداروں کو ان کی مجموعی رسیدوں کا دس فیصد فی کاروبار 25,000$ کی زیادہ سے زیادہ گرانٹ رقم کے ساتھ دیا جائے گا۔ اہل درخواست دہندگان جنہوں نے ابھی تک وفاقی ٹیکس ریٹرن داخل نہیں کی ہے وہ فی کاروبار 5,000$ وصول کر سکتے ہیں۔

**<u>چھوٹے کاروباری اداروں کی عالمی وباء سے بحالی کا گرانٹ پروگرام:</u>**
وہ کاروباری ادارے جنہوں نے کاروبار شروع کیا ہے لیکن ابھی تک چھوٹے کاروبار کی عالمی وباء سے بحالی کے گرانٹ پروگرام کے لیے اپنی موجودہ درخواست مکمل نہیں کی ہے انہیں 30 ستمبر 2022 کو شام 5:00 بجے تک تمام ضروری معلومات جمع کرانی ہوں گی۔ چھوٹے کاروباری مالکان کو درپیش مختلف مشکلات کو تسلیم کرتے ہوئے، ریاست نیو یارک اس اہم فنڈنگ تک زیادہ رسائی کو یقینی بنانے کے لیے چودہ زبانوں میں یکے بعد دیگرے مدد، ویبینارز، ایک کال سینٹر اور مواد فراہم کرتی ہے۔ مزید برآں، ایمپائر سٹیٹ ڈیویلپمنٹ (Empire State Development, ESD) کا شراکت دار تنظیموں کا نیٹ ورک جو کاروباری افراد اور چھوٹے کاروباری اداروں کو امدادی خدمات پیش کرتا ہے عالمی وباء سے متعلق امدادی گرانٹ اور قرض کی درخواستوں میں مدد کرے گا۔ مزید معلومات یہاں مل سکتی ہیں۔

چھوٹے کاروباروں کی عالمی وباء سے بحالی کے کامیاب گرانٹ پروگرام کا اس بات کو یقینی بنانے کا مضبوط سابقہ ریکارڈ ہے کہ اہم فنڈنگ ان اہل کاروباری اداروں کی طرف جا رہی ہے جن کو سب سے زیادہ ضرورت ہے: مائیکرو کاروباری ادارے، جن کی تعریف دس یا اس سے کم ملازمین والی کمپنیوں کے طور پر کی گئی ہے، نے 98 فیصد سے زیادہ ایوارڈز حاصل کیے ہیں۔ صرف 90 فیصد سے زیادہ گرانٹیں اقلیتی اور خواتین کے ملکیتی کاروباری اداروں (Minority- and Women-owned Business Enterprises ، MWBEs) کو دی گئی ہیں اور 47 فیصد سے زائد گرانٹ ایوارڈز سماجی اور معاشی طور پر پسماندہ کاروباری اداروں کو دیے گئے ہیں۔ آج تک، اوسط گرانٹ ایوارڈ 17,783$ ہے۔

**ریاستی سینیٹر Anna M. Kaplan نے کہا،** 'عالمی وباء کے دوران چھوٹے کاروباری ادارے خاص طور پر شدید متاثر ہوئے تھے اور 800$ ملین کا چھوٹے کاروباروں کی عالمی وباء سے بحالی کا گرانٹ پروگرام ایک ہنگامہ خیز وقت میں ایک خطِ حیات رہا ہے۔ نیا سمال بزنس سیڈ پروگرام غیر متوقع اخراجات سے نمٹنے والے نئے کاروباری اداروں کی مدد کرے گا، اور میں اہلیت کے حامل چھوٹے اور مائیکرو کاروباری اداروں سے اس اہم پروگرام سے مستفید ہونے کی درخواست کرتی ہوں"۔

**رکنِ اسمبلی Harry Bronson نے کہا،** "اقتصادی ترقی کمیٹی کے سربراہ کے طور پر، میں نے اقتصادی بحالی کے ایک جامع منصوبے کے لیے جدوجہد کی جو ہمارے خاندانوں اور کاروباری اداروں کو مدد فراہم کرے گا۔ عالمی وباء کے تناظر میں، چھوٹے کاروباری اداروں نے مشکلات کا سامنا کیا ہے، کچھ بند ہو چکے ہیں، اور دیگر اب بھی بند ہونے اور کھلے رہنے کے درمیان جھول رہے ہیں۔ یہ چھوٹے کاروباری ادارے، خصوصاً وہ لوگ جو معاشی طور پر پسماندہ علاقوں میں ہیں یا غیر سفید فام لوگوں کی ملکیت ہیں، COVID-19 سے اور بھی زیادہ برے طریقے سے متاثر ہوئے ہیں۔ ان چھوٹے کاروباری اداروں جو عالمی وباء سے بری طرح متاثر ہوئے ہیں، کی مدد کرنا میرے لیے اولین ترجیح ہے اور مجھے سیڈ فنڈنگ گرانٹ پروگرام اب شروع ہوتا دیکھ کر حوصلہ ملا ہے۔ ہمارے چھوٹے کاروباری اداروں اور دیگر صنعتوں میں یہ سرمایہ کاری سب کے لیے مساوی اور جامع اقتصادی بحالی کو یقینی بنانے میں مدد کرے گی"۔

**رکنِ اسمبلی Al Stirpe نے کہا،** "میں ایک چھوٹا کاروبار شروع کرنے کے لیے اس سے زیادہ مشکل وقت کے بارے میں سوچ بھی نہیں سکتا جتنا کہ COVID-19 کی عالمی وباء کے آنے سے کچھ دیر پہلے تھا اور اس نے ہر چیز کو الٹا کر رکھ دیا تھا۔ سیڈ فنڈنگ گرانٹ پروگرام ہمارے مقامی کاروباری اداروں کے لیے ایک اہم خطِ حیات ہے اور میں اس پر گورنر Hochul کی مضبوط قیادت کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ میں ان چھوٹے کاروباری اداروں کو فروغ دینے کے لیے جدوجہد کرتا رہوں گا جو ملازمتیں پیدا کرتے ہیں اور ہمارے علاقوں کو مضبوط بناتے ہیں"۔

ESD کے تمام COVID-19 کاروباری امدادی پروگراموں کی ایک جامع فہرست یہاں مل سکتی ہے۔

**امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کے بارے میں**
امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ (Empire State Development, ESD) نیو یارک کی معاشی ترقی کی سربراہ ایجنسی ہے (www.esd.ny.gov)۔ ESD کا مشن یہ ہے کہ ایک مضبوط اور پھلنے پھولنے والی معیشت کو فروغ دیا جائے، نئی نوکریاں اور اقتصادی مواقع پیدا کرنے کی حوصلہ افزائی کی جائے، ریاست اور اس کی میونسپلٹیز کے لئے ریوینیوز کو بڑھایا جائے، اور مستحکم اور متنوع مقامی اقتصادیات حاصل کی جائیں۔ قرضہ جات، عطیات، ٹیکس کریڈٹس اور دیگر اقسام کی مالی امداد کو بروئے کار لا کر، ESD نجی کاروباری سرمایہ کاری اور ترقی کو بڑھانے کی کوشش کرتی ہے تاکہ ملازمتی تشکیل کی حوصلہ افزائی کر سکے اور ریاست نیو یارک میں ہر جگہ ترقی کرتی کمیونٹیز کی معاونت کر سکے۔ ESD بھی ایک بنیادی انتظامی ایجنسی ہے جو نیویارک کی ریاست کی علاقائی اقتصادی ترقی کی کاؤنسلز اور ریاست کے مثالی سیاحتی برانڈ "I LOVE NY"، کی تشہیر کی نگرانی کرتی ہے۔ علاقائی کونسلوں اور ایمپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، www.regionalcouncils.ny.gov اور www.esd.ny.gov ملاحظہ کریں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418